سامان بیچنے کے لیے نعت لگانا کیسا؟

مصنف

محمد مقصود عالم فرحت ضیائی

(خلیفہ حضور تاج الشریعہ و محدث کبیر و خادم فخر ازہر دار الافتاء والقضاء وسرپرست اعلی جماعت رضائے مصطفے برانچ ہاسپیٹ وجے نگر. وڈو کمپلی بلاری قاضی شریعت چتر درگہ وشیخ الحدیث حضرت خدیجہ الکبری جامعۃ البنات سنتے پیٹ ہاسن)



JAMAT RAZA-E-MUSTAFA
HOSPET

کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کے زید آنلائن تجارت کرتا ہے۔اُسکے جو بھی چیز بیچنا ہے تواس نے ایک ویڈیو بنا کر پیچھے بیک گراؤنڈ میں نعت کاسیٹنگ کر کے سوشل میڈیامیں ڈالتاہے۔تاکہ لوگ کی توجہ اپنی طرف کھینچ سکے۔کیاایسا تجارت نعت یہ درود پاک کو بیک گراؤنڈ میں سناکر خرید فروخت کرناکیسا۔۔؟قرآن اور حدیث کے روشنی میں جواب عنایت فرماکر شکریہ موقع دیں:المستفتی: محمد جعفر صادق رضوی کیشیر فیضان تاج الشریعہ وایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر ٹرسٹ وڈووایکٹیو ممبر جماعت رضائے مصطفےٰ ہاسپیٹ وجے نگر کرناٹک

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

الجواب:بعون اللہ الملک الوھاب : اللھم ہدایۃ الحق و الصواب : صورت مسئولہ میں

اپنے کاروبار کی تشہیر کے لئے ویڈیوز میں اللہ تعالی کانام یانعت پاک کااستعمال یاقرآن پاک کی تلاوت کرناکسی اعتبار سے مناسب نہیں ہے، بلکہ ایساکرنامکروہ اور ناجائز و ممنوع ہے چونکہ

اس سے ان امور کااحترام ناپید ہوتاہے جیساکہ درمختار میں ہے:قد كرهوا : ونحوه لاعلام ختم الدرس حين يقرر (قوله لاعلام ختم الدرس) أما اذا لم يكن اعلاما بانتهائه لا يكره، لأنه ذكر فيه وتفويض بخلاف الأول فانه استعمله آلة للاعلام (الدر المختار مع رد المحتار ج ٦/٤٣١ ط: دار الفكر)

شرح اشباہ غمز عیون البصائر میں ہے:

وقال قاضي خان: الفقاعي إذا قال عند فتح الفقاع للمشتري: صل على محمد: قالوا يكون آثما، وكذا الحارس إذا قال في الحراسة: لا إله إلا الله يعني لأجل الإعلام، بأنه مستيقظ

.قوله: لأن الحارس والفقاعي يأخذان بذلك أجرا

أقول هذا التعليل عليل أما بالنسبة إلى الفقاعي فلأن علة الإثم فيه ليست أخذ الأجر، بل إعلامه جودة الفقاع بالصلاة وأما بالنسبة إلى الحارس فلأن علة الإثم فيه ليست أخذ الأجر بل إعلامه بالذكر أنه مستيقظ كما اعترف هو به (غمز عيون البصائر في شرح الأشباه والنظائر: (القاعدة (الثانية: الأمور بمقاصدها ج ١/٩٨ ط: دار الكتب العلمية

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ تشہیر کیلئے نعت پاک یا تلاوت قرآن یا تسبیح و تہلیل کی کیسٹ لگانا اور اسے بجانا جائز نہیں بلکہ ممنوع وناجائز ہے: واللہ تعالیٰ أعلم ورسولہ الاکرم صلی اللہ علیہ و سلم

کتبہ: محمد مقصود عالم فرحت ضیائی خلیفۂ حضور تاج الشریعہ و محدث کبیر وخادم فخر ازہر دار الافتاء والقضاء وسرپرست اعلی جماعت رضائے مصطفے برانچ ہاسپیٹ وجے نگر: وڈو ۔ کمپلی بلاری و گنتکل آندھرا پردیش و شیخ الحدیث حضرت خدیجۃ الکبریٰ جامعہ للبنات ہاسن و قاضئ شریعت چتردرگہ کرناٹک الہند

Khidmat e deen whatsapp group ke naam se ek group ka wajood e amal me aaya hai jisme Asri uloom ke sath sath deen o millat ka dard rakhne wale kuch noujawanan e Ahle Sunnat shamil hain jinhone deeni ishaat o tarweez ka beda uthaya hai aur iske zariye doosre padhe likhe noujawan tabke ko baidar karne ki niyyat bhi rakhte hain aur ek tareekh saaz karhaye numaya anjaam dena chahte hain taake aane wali naslein unhe yaad rakhein yeh Hazraat apna apna paisa laga kar kitab chapwane aur use awaam me taqseem karne ka Ahsan o Ajmal irada aur azm e musammum le kar maidan me utre hain bila shak o shuba yeh ek azeem bunyadi deeni kaam hai jis me jitni tareef ki jaaye kam hai rabb e qadeer ba Tufail Nabi e Kareem Sallallahu alaihi wasallam unke Gulshan e hayat ko khoob khoob sairyaabi aata farmaye mazeed tarakkiyan de aur sehat o tandroosti ke sath hayat ke har shobe ko Marg zaar o lalazaar banade daraiyeen ki sadatoon se zindagi ko ibarat karde aur inn logon ki deeni khidmat ko qubooliyat ka darja aata farma kar unhe daayimi falaah se himkinar kar de aur Jin niyyaton se apna sarmaya laga rahe hain woh muraad poori farma de khana aur ahle khana ko aman o sukoon chain o iqrar aur apsi mail o muhabbat ki nooraniyat se mamoor farmade.

NOTE : Noujawan e Ahle sunnat se guzarish hai ke kaseer se kaseer tadad me iss group me shirkat farma kar uss mission ko taqwiyat bakshe. Ameen bijahi Sayyid ul Mursaleen Salallahu alaihi wasallam.